جو شخص میرے اس منبر کے پاس گناہ پر مبنی قسم کھائے گا، چاہے ایک مسواک کے بارے میں ہی کیوں نہ ہو، وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لے گا

جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : "جو شخص میرے اس منبر کے پاس گناہ پر مبنی قسم کھائے گا، چاہے ایک ہری مسواک کے بارے میں ہی کیوں نہ ہو، وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لے گا، یا فرمایا کہ اس کے لیے جہنم واجب ہو جائے گی"
[صحیح] [اسے ابنِ ماجہ نے روایت کیا ہے - اسے امام ابو داؤد نے روایت کیا ہے - اسے امام احمد نے روایت کیا ہے - اسے امام مالک نے روایت کیا ہے]

اس حدیث میں جابر رضی اللہ عنہ بتا رہے ہیں کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آدمی کے بہت بڑے گناہگار ہونے کی بات کہی ہے، جو مسجد نبوی میں رکھے ہوئے آپ کے منبر کے پاس جھوٹی قسم کھائے، چاہے اس نے قسم کسی حقیر چیز کے بارے میں ہی کیوں نہ کھائی ہو کیونکہ یہ جگہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم اور آپ اس پر کھڑے ہوکر جو کچھ کہا کرتے تھے، اسے یاد کرنے کی جگہ ہے جب کہ جھوٹی قسم کھانے والا ان باتوں کے برخلاف کام کرتا ہے لہذا، وہ اس طرح کی وعید کا مستحق ہے ویسے تو کسی بھی جگہ جھوٹی قسم کھانا اللہ کی ناراضگی کا باعث ہے، لیکن کسی مبارک جگہ پر اس کا گناہ بہت بڑھ جاتا ہے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/64698